تبصرہ کتب

محمد رمضان یوسف سلفی

شہید قائدؒ نے فرمایا

رشحات فکر علامہ احسان الٰہی ظہیر رحمۃ اللہ علیہ

مرتب: ڈاکٹر قمر احسان کمال پوری

صفحات: 128

قیمت: 50 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: کتاب سرائے، فرسٹ فلور، الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور 042-7320318

شہید ملت علامہ احسان الٰہی ظہیر رحمۃ اللہ علیہ اپنے دور کے بہت بڑے مصنف، محقق، صحافی اور بے مثال خطیب تھے۔ ان کی تحریر میں علم کی فراوانی اور گفتگو میں اعجاز تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تحریر و نگارش اور خطابت میں ندرت کا پہلو دکھائی دیتا ہے۔ علامہ شہیدؒ کے خطبات سن کر اور ان کی تحریر پڑھ کر قاری کو ایک ولولہ تازہ ملتا ہے۔ پیش نگاہ کتاب علامہ شہیدؒ کی تقاریر اور تحریروں سے اخذ کردہ اقتباسات کا دل آویز مجموعہ ہے۔

ڈاکٹر قمر احسان صاحب نے اسے بڑی محنت شاقہ سے مرتب کیا ہے۔ اور صحیح معنوں میں حق ادا کر دیا ہے۔ کتاب ایمان افروز اقتباسات کا مجموعہ ہے۔ کتاب کے صفحہ نمبر 62 پر علامہ شہید فرماتے ہیں:

اگر ہم چاہتے ہیں کہ دنیا میں پھر وہی عظمت و رفعت حاصل کریں جو کبھی ہمیں حاصل تھی تو ہمیں پھر انہی اصولوں اور احکامات کی پیروی کرنا پڑے گی جنہیں خالصتاً اسلام نے ہمیں دیا ہے اور جس میں کسی قسم کی آلائش نہیں ہے نہ ہی مغربی اور نہ ہی مشرقی اور اسی بات کا ہم سے اسلام تقاضا کرتا ہے۔

اس طرح کے اقتباسات سے کتاب بھری پڑی ہے۔ کتاب کا مقدمہ پروفیسر عبدالجبار شاکر صاحب نے لکھا ہے جو بہت ہی خوب ہے۔ کتاب کے شروع میں علامہ شہیدؒ کے مختصر حالات بھی دئے گئے ہیں۔

کتاب کا ٹائٹل خوبصورت اور طباعت و کاغذ عمدہ ہے قیمت مناسب علامہ شہیدؒ کے عقیدت مندوں اور تحریکی ذہن کے حامل افراد کے اس کتاب میں ان کے ذوق کا خاصا سامان موجود ہے۔ ڈاکٹر قمر احسان صاحب مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے علامہ شہیدؒ کے بکھرے ہوئے افکار کو ایک کتاب میں یکجا کر دیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اسلام میں سنت کا مقام

مرتب: ملک عبدالرشید عراقی

قیمت: 20 روپے

ناشر: ادارہ احیاء التراث اہل السنہ وزیر آباد

حضرت محمد ﷺ کی احادیث و فرامین آپ ﷺ کے قول و عمل، گفتار کردار اور اسوہ کو اہل علم نے سنت کا نام دیا ہے۔ اس بات کی وضاحت کرتے ہوئے ملک عبد الرشید عراقی صاحب نے ''اسلام میں سنت کا مقام'' کے مسئلے کو دلائل و براہین سے اجاگر کیا ہے۔

اس ضمن میں انہوں نے اپنے موضوع کی تائید میں مستند معلومات کو جمع کرنے کی سعی کی ہے۔ چھ ابواب اور 48 صفحات پر پھیلی اس کتاب میں سنت کا مقام، جامعین و حافظین صحابہ کرام، کتب حدیث، مشہور کتب احادیث کا تعارف، شروح، حواشی و تعلیمات، مشہور شروح کا مختصر تعارف، برصغیر پاک و ہند کے شارحین حدیث ایسے عنوانات پر خوب قلم چلایا ہے اور دریا کو کوزے میں بند کر دیا ہے۔

مختصر ہونے کے باوجود معلومات کے اعتبار سے یہ ایک اچھی کتاب ہے اسے ادارہ احیاء تراث اہل السنہ الہ آباد، وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ کی طرف سے شائع کیا گیا ہے۔ کتاب کی قیمت صرف 20 روپے رکھی گئی ہے جو کتاب کی ظاہری معنوی خوبصورت کے لحاظ سے کچھ زیادہ نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆